# 10506 ـ فٹ بال گراونڈ ( سٹیڈیم ) میں نماز عید ادا کرنا

**سوال**

ہم یونیورسٹی کے سٹوڈنٹ ہیں، ہمارے پاس نماز عیدین اور نماز استسقاء کے لیے عیدگاہ نہیں ہے، تقریبا چار برس سے ہم یہ نمازیں کالج کے سٹیڈیم میں ادا کر رہے ہیں، یہ اوپر سے کھلا اور اس میں نائلون بچھا ہوا ہے مذکورہ جگہ میں ادا کردہ نمازوں کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

مذکورہ جگہ میں آپ کی نمازیں ادا کرنے میں کوئی حرج نہیں، جو امور آپ نے بیان کیے ہیں وہ نماز استسقاء اور نماز عید کی ادائیگی میں مانع نہیں جب تك وہ جگہ نجاست سے پاك صاف ہے.

لیکن اگر اس کے لیے کوئی مستقل اور علیحدہ جگہ میسر ہو جائے تو یہ افضل اور اولی ہے.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے.